فلمی دنیا

[illegible]

قیمت ایک آنہ (۱)

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

نمبر ۱۔ سندباد سندباد۔ سندباد

دھرتی آزاد ہے آسمان آزاد
لہروں کی گود میں زندگی آباد۔!
او ندرانہ مسکرائے۔ یہ نگاہ جھوم جائے
کام اپنا نام اپنا
ہے جہاں میں سبکو یاد۔ دھرتی آزاد ہے آسمان آزاد
دھک دھک کرتا ہے۔ حسن پہ مرتا ہے
دل میرا ہنسکر، زلف میں پھنسکر۔ ہائے ہائے کرتا ہے۔
رات رنگیلی دن سہانے ہیں جہاں کے یہ فسانے
دن جائے شام آئے چاند سورج ہیں سب آزاد
دھرتی آزاد آسمان آزاد۔ سندباد سندباد
بصرا دیکھا، بغدادیکھا۔ دیکھ لیا بغداد
جان کی قیمت۔ جو محبت دل میں آباد۔ سندباد ...
اونچی ٹوپی نیچا جبّہ یار میں ہم مجنوں کے
بڑے بڑے عاشق بھی ہم کہتے ہیں استادابا۔ سندباد ..

نمبر ۲

جس روز سے ہم نے تیرا دیدار کیا
اللہ قسم دل نے تمہیں پیار کیا
آنکھوں میں خوشی ہے ہونٹوں پہ ہنسی ہے
دل جھوم رہے ہیں یہ نئی بات ہوئی ہے
جادو کوئی تم نے میرے دلدار کیا۔ اللہ قسم ....
دنوں کی جوانی ہے ایسی کہانی !۔!
یہ آگ کا شعلہ ہے وہ دریا کی روانی
تم نے میرے ارمانوں کو بیدار کیا۔ اللہ قسم...
بیہوش زمانے آئے ہیں جلانے ۔!
آ لوٹ لے کلیوں کی بہاروں کے خزانے
اقرار ترے حسن کا سو بار کیا۔ اللہ قسم ....

نمبر ۳

کورس :۔ حسن مزیدار جی۔ حسن مزیدار جی
سولو :۔ یہ لبوں سے رخسار جی۔ ابرو یہ خمدار جی۔
آنکھ ہے تلوار جی۔ حسن مزیدار ....
کورس :۔ حسن مزیدار جی۔ حسن مزیدار ....

سولو:۔ آگ ہے محفل میں لگی آگ میرے دل میں لگی
بن گئے ہیں ہم تیرے عشق بیمار ۔ حسن مزیدار ...
عنبر پر ہے کیوں نظر ۔ لے ہماری بھی خبر
ہم بھی ہیں اے جانِ من طالبِ دیدار جی ۔ حسن ...

سولو:۔ اے محبت کے حسین صورت یہ لعل بن
گئے ہیں در پہ تیرے دل کے خریدار ۔ حسن مزیدار ...

نمبر ۴

ہی:۔ ادا سے جھومتے ہوئے ۔ دلوں کو چومتے ہوئے
یہ کون مسکرا دیا ۔ ؟ ۔
سی:۔ ہے آج زندگی جواں ۔ بسا ہے پیار کا جہاں
نظر نے دل کے ساز پر ۔ یہ کیا گیت گا دیا
ادا سے جھومتے ہوئے ... مسکرا دیا ۔ ؟ ۔
ہی: جو عشق بیقرار ہے ، تو حسن پر نکھار ہے ۔
برس رہی ہے چاندنی ، او چاند گنگنا دیا ۔ ادا سے ...
سی:۔ نظر مست ہو چکے ۔ ہی:۔ ہم اپنے دل کو کھو چکے
سی:۔ نہ جانے آج کس نے یہ ہی:۔ نقابِ رخ اٹھا دیا
ادا سے جھومتے ہوئے ، دلوں کو چومتے ہوئے یہ کون ...؟

نمبر ۵

لڑکا:۔ تیرا میرا تیرا، ہو گیا یار دنیا ہوئی گلزار۔!
لڑکی:۔ تیری میری، میری تیری آنکھیں ہو گئیں چار۔
دنیا ہوئی گلزار ......

لڑکی:۔ ذرا نام تو بتا دو اپنا
لڑکا:۔ میرا نام ابابیل بتنا،
لڑکی:۔ ادئی تر لیے گیھتی، شملے گیھتی
ہائے ہائے رے صنم میرا ابکی
لڑکا:۔ ہائے ہائے رے ہائے ہائے
ہائے تیری شوخی بڑی مزیدار۔ دنیا ہوئی گلزار
لڑکی:۔ دل مل گئے اب کیا ہو گا
لڑکا:۔ کیا ہو گا جو حکم خدا کا ہو گا،
لڑکی:۔ ہے خوب تو عجیب دیوانہ۔ بے پرکا پروانہ
لڑکا:۔ ہائے ہائے رے ہائے ہائے
دلبر تو اور میں دلدار دنیا ہوئی گلزار
دونوں:۔ تیرا میرا تیرا ہو گیا یار۔ دنیا ہوئی گلزار

نمبر ۶۔ زندگی سنور گئی، سپنوں سے بھر گئی۔

جب سے پیار کی نظر دل میں اُتر گئی۔!
بات کچھ آ گئی حسن کے غرور میں،
سر جھکا دیا ہے جو عشق کے حضور میں
جانِ مَن وہ آپ کی بے رُخی کدھر گئی۔جب سے...
کون ہوں خبر نہیں ہوش کھو چکی ہوں میں
بھول کر جہان کو تیری ہی ہو چکی ہوں میں
ایک دن کی دل لگی کیا سے کیا ہے کر گئی۔جب سے...
دل کو آج کیا ہوا ہاتھ میں نہ آئے ہے۔!
دھڑکنوں کے ساز پر ناچا ہی جائے ہے۔!!
کیا کہیں تمہیں صنم دل پہ جو گزر گئی۔جب سے....

نمبر ۷

یہ آنسو مسکراتے ہیں زمانے کی جفا دل پہ
محبت کرنے والے، جان دیتے ہیں وفاؤں پر،
دل کا افسانہ کہے گا جل کے پروانہ
ہو نہیں سکتے کبھی ہم اُن سے بیگانہ
کہے کا جل کے پروانہ... ... دل کا افسانہ
دل بہت نازک ہے، یکھی غم سے ٹکرائیں گے ہم۔

یاد میں تیری بھلا دیں گے زمانے کے ستم!
ٹوٹ سکتا نہیں الفت کا پیمانہ
کہے گا جل کے پروانہ ، دل کا افسانہ
در پہ تیرے یہ زمانے عشق جھک سکتا نہیں
قید میں رہتا کب آزاد پروانہ کہیں
ہم ہنس ہوں گے تیرے تیروں کا نذرانہ
کہے گا جل کے پروانہ ۔ دل کا افسانہ (انجم جے پوری)

نمبر ۸

ساتھی اُٹھا بادباں منزل کو ہو جا رواں
تیرا اللہ بیلی تیرا اللہ بیلی
اے منچلے کارواں اے جواں زندگی ۔ تیرا اللہ ...
دنیا کو جانو کوئی خواب ہے لیکن یہ بالکل جواب ہے ۔
آئے کوئی ۔ جائے کوئی اس کے لئے گریہ منشی تیرا اللہ ...
طوفاں سے ٹکرانا ہے زندگی کا نام ۔ !
ہے اپنی زندگی کا نام !!
نیلا ہے آسمان ۔ ہم سب کا پاسبان !
چلتا ہے ساتھ صبح و شام !!
اے نوجوان تیرا نشان !

جب تک جہاں ہے نہ مٹے تو کبھی
تیرا اللہ بیلی۔ تیرا......
ایسوں کا اللہ نگہبان ہے ؟
دنیا میں جن کا یہ انعام ہے ؟
دل میں وفا لب پر دعا،
سب سے بڑی ہے یہی بندگی
تیرا اللہ بیلی۔ تیرا اللہ بیلی

ختم شد

ثریا کی تان

مشہور فلم اسٹار ثریا کے بہت سی فلموں میں گائے ہوئے سپر ہٹ گانوں کا مجموعہ ہے۔ یہ وہ گانے ہیں جن کے ایک ایک بول پر سننے والا تڑپ اٹھتا ہے۔ ان گانوں کو بچے بھی آسانی سے گا لیتے ہیں۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ ایک کتاب ضرور طلب کریں قیمت معہ ٹکٹ 1/-

ملنے کا پتہ
رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی،